Australian Government
AUSTRAC

FIGHTING FINANCIAL CRIME TOGETHER

رقوم کی بین الاقوامی منتقلی کی ہدایات (IFTI)

ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لئے حقائق نامہ

IFTI کیا ہے؟

IFTI درج ذیل ممالک کے درمیان رقوم یا ملکیتی چیزیں بھیجنے سے متعلق ایک ہدایت ہے:

- آسٹریلیا سے کسی دوسرے ملک یا
- کسی دوسرے ملک سے آسٹریلیا۔

اس ٹرانزیکشن میں بھیجنے والا یا وصول کرنے والا آپ کا صارف ہوتا ہے۔

مجھے IFTI کب رپورٹ کرنے کی ضرورت ہے؟

جب آپ کو کوئی رقم یا ملکیتی چیز آسٹریلیا سے بھیجنے یا آسٹریلیا میں وصول کرنے کی ہدایت ملے تو آپ کے لئے لازمی ہے کہ آپ AUSTRAC کو ایک IFTI رپورٹ جمع کروائیں۔

IFTI رپورٹیں **10 کاروباری دنوں کے اندر** جمع کروائی جانی چاہئیں۔

اگر آپ متعدد صارفین کی جانب سے ایک ہی جگہ بھیجی جانے والی رقوم کو اکٹھا پروسیس کرتے ہیں تو آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ ہر صارف کی ہدایات کو ایک الگ IFTI رپورٹ کی صورت میں رپورٹ کریں۔

IFTIs رپورٹ کرنا اہم کیوں ہے؟

AUSTRAC اور ہمارے شراکت دار IFTIs میں وصول ہونے والی معلومات کو دیگر رپورٹس میں موصول ہونے والی معلومات کے ساتھ ملا کر انہیں دہشت گردی، افراد کی اسمگلنگ، منشیات کی اسمگلنگ، منی لانڈرنگ، ٹیکس چوری اور دیگر سنگین جرائم کا مقابلہ کرنے میں مدد کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

آپ کی رپورٹ کسی تحقیق میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے یا کوئی مجرمانہ سرگرمی روکنے میں مدد دے سکتی ہے – لہذا IFTIs رپورٹ کرنا نہایت اہم ہے۔

یاد رکھیں کہ IFTIs میں آپ کے صارفین کے بارے میں نجی معلومات ہوتی ہیں جن کی حفاظت ضروری ہے۔

IFTIs کی درست تیاری

اپنی IFTI رپورٹیں درست انداز میں تیار کرنے سے آپ کا وقت بچے گا اور AUSTRAC کو ایسی اہم معلومات کی موصولی یقینی بنے گی جن سے ممکنہ طور پر مجرمانہ سرگرمی روکنے میں مدد مل سکتی ہے۔

درست تیاری میں مدد کے لئے اپنی IFTIs **جمع کروانے وقت احتیاط سے چیک کریں** کہ ان میں درج ذیل تفصیلات شامل ہیں اور وہ درست ہیں:

- آرڈر دینے والا صارف اور وصول کرنے والا صارف، بشمول ان کے مکمل قانونی نام – نہ کہ ناموں کے ابتدائی حروف یا مختصر نام۔ اگر ان کے کوئی اور نام معلوم ہوں تو وہ بھی شامل کریں
- صارف کی شناختی تفصیلات جیسے شناخت کی قسم اور شناختی نمبر
- پتے کی تفصیلات: آپ کو عمارتی پتہ شامل کرنا ہوگا، پوسٹ آفس باکس استعمال نہیں کئے جا سکتے
- منتقلی کی ہدایات کی تفصیلات جیسے منتقلی کی تاریخ، کرنسی کی قسم، منتقلی کی سمت اور ٹرانزیکشن ریفرنس نمبر، اگر اطلاق پاتا ہو
- یقینی بنائیں کہ آپ کوئی حصے خالی نہ چھوڑیں، اگر ان کے بارے میں معلومات دستیاب ہیں۔

ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ آپ اضافی معلومات بھی شامل کریں جیسے آن لائن کسٹمرز کا انٹرنیٹ پروٹوکول (IP) ایڈریس یا ڈیوائس آئی ڈی۔

AUSTRAC یا کوئی شراکتی ایجنسی ممکنہ طور پر آپ کو ایک تحریری نوٹس بھیج کر ایک IFTI رپورٹ کے بارے میں مزید معلومات بھی طلب کر سکتی ہے۔ سرکاری شراکتی اداروں کی فہرست کے لئے **austrac.gov.au/government-partners** دیکھیں۔

آپ کو یہ یقینی بنانا ہے کہ آپ معلومات کو وقت پر فراہم کریں، لہذا آپ کے پاس ریکارڈ رکھنے کے اچھے طریقۂ کار کا نفاذ ہونا لازمی ہے۔

میں ایک IFTI رپورٹ کیسے جمع کرواؤں؟

آپ اپنے AUSTRAC آن لائن اکاؤنٹ کے ذریعے IFTI رپورٹیں جمع کرواتے ہیں۔ آپ AUSTRAC ویب سائٹ کے ذریعے اپنے اکاؤنٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

IFTI رپورٹیں جمع نہ کروانے کے کیا نتائج ہوتے ہیں؟

اگر آپ IFTIs جمع کروانے یا اپنی دیگر ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام ہوتے ہیں تو AUSTRAC جرمانے کی طلبی سمیت نفاذ سے متعلق اقدام اٹھا سکتا ہے۔

اگر ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنے والوں سے منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی مالی معاونت یا دیگر سنگین جرائم میں بطور سہولت کار ناقابل قبول خطرہ ہو تو AUSTRAC ان کی رجسٹریشن سے انکار بھی کر سکتا ہے، رجسٹریشن کو منسوخ یا معطل بھی کر سکتا ہے۔

اگر ہم آپ کی رجسٹریشن سے انکار کردیں، اسے منسوخ یا معطل کردیں تو ایسی صورت میں ترسیلات زر کی خدمات فراہم کرنا غیرقانونی ہے۔

یقینی بنائیں کہ آپ کے کاروبار میں IFTI رپورٹ کرنے کی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لئے نظام موجود ہیں۔ اپنے کاروباری اقدامات پر باقاعدگی سے یہ یقینی بنانے کے لئے نظرثانی کرتے رہیں کہ تمام ٹرانزیکشنز درست انداز میں اور بروقت رپورٹ ہو رہی ہیں۔

کیا ٹرانزیکشن میں رپورٹنگ کی دیگر ذمہ داریاں بھی شامل ہیں؟

Threshold ٹرانزیکشنز

اگر صارف کی ٹرانزیکشن میں 10,000 آسٹریلوی ڈالرز یا اس سے زائد مالیت کی آسٹریلوی یا فارن کرنسی کیش کی شکل میں شامل ہے تو آپ کے لئے لازمی ہے کہ آپ AUSTRAC کو threshold ٹرانزیکشن رپورٹ (TTR) بھی جمع کروائیں۔

اس کا اطلاق صرف کیش کرنسی (نوٹوں اور سکّوں) پر ہوتا ہے۔ آپ کو اس صورت میں TTR رپورٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے جب کوئی صارف آپ کے بینک اکاؤنٹ میں رقم جمع کرواتا ہے یا جب کوئی صارف بذریعہ بینک ٹرانسفر آپ کو رقم بھیجتا ہے۔

مشکوک معاملات

اگر آپ کو معقول بنیادوں پر یہ شبہ ہو کہ کوئی شخص یا ٹرانزیکشن کسی جرم سے وابستہ ہے یا پھر اس کی نوعیت وہ نہیں ہے جو وہ کہتا ہے تو آپ کے لئے لازمی ہے کہ آپ AUSTRAC کو مشکوک معاملے کی رپورٹ (suspicious matter report - SMR) جمع کروائیں۔

رپورٹ کرنے کی ان اور دیگر ذمہ داریوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے **austrac.gov.au/reporting** پر جائیں۔

D1006